فوری ریلیز کے لیے: 26/8/2022 ***گورنر KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے خواتین کے یوم مساوات کے اعزاز میں کام کی جگہ پر خواتین کے بارے میں نئی رپورٹ کی تیاری کا حکم دیا

محکمہ محنت کو افرادی قوت میں شامل خواتین پر COVID-19 کے اثرات کا جائزہ لینے اور مساوی حل تلاش کرنے کی ہدایت دی

خواتین کے یوم مساوات کے موقعے پر ریاستی اثاثوں پر چراغاں کیے جانے کا اعلان کیا اور احکامات جاری کیے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ ریاست نیو یارک محکمہ صحت ایک رپورٹ فراہم کرے گا جس میں کام کی جگہ پر خواتین پر COVID-19 کی عالمگیر وباء کے اثرات کا تجزیہ کیا جائے گا اور اجرت میں صنف کے حوالے سے کثیر سطحی فرق پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ یہ رپورٹ 2018 کے صنفی اجرت کے فرق کی رپورٹ کے نتائج کو بروئے کار لائے گی، جس کی مشترکہ صدارت گورنر Hochul اور NYSDOL کی کمشنر Roberta Reardon نے کی تھی، جس میں اجرت کے فرق کو ختم کرنے کے لیے پالیسی اور پروگرام سے متعلق متعدد سفارشات شامل ہیں۔

گورنر Hochul نے نئی رپورٹ کا اعلان خواتین کے یوم مساوات کے موقعے پر کیا، یہ ایک وفاقی طور پر تسلیم شدہ تعطیل ہے جو 1920 میں خواتین کو ووٹ کا حق دینے والی انیسویں ترمیم کے اپنائے جانے کی یاد میں منائی جاتی ہے۔ گورنر نے مزید ایک اعلامیہ پر دستخط کیے جس میں 26 اگست کو ریاست نیو یارک میں خواتین کا یوم مساوات قرار دیا گیا ہے؛ اور ریاستی املاک پر جامنی اور سنہری رنگ کی روشنی سے چراغاں کیے جانے کا حکم دیا۔

"ریاست نیو یارک کی پہلی خاتون گورنر کے طور پر، میں پوری دنیا کی خواتین اور لڑکیوں کو ایک پیغام بھیجنے کی امید کرتی ہوں کہ وہ جو کچھ بھی بننا چاہیں بن سکتی ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "پوری عالمگیر وباء کے دوران خواتین کو جن مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ہے ان کو اجاگر کرتے ہوئے، ہم افرادی قوت اور اس سے بھی آگے، برابری کو یقینی بنانے کی جانب ایک اہم قدم اٹھا رہے ہیں۔ آج، ہم اس بات کو یقینی بنا رہے ہیں کہ ہم اپنی بیٹیوں اور پوتیوں، نواسیوں کے لیے جو مستقبل چھوڑے جا رہے ہیں وہ ہمارے لیے چھوڑے گئے مستقبل سے بھی زیادہ روشن، بہتر ہو۔"

ریاست نیو یارک محکمہ صحت کی کمشنر Roberta Reardon نے کہا، "یہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے کہ افرادی قوت کے نقطہ نظر سے، عالمگیر وباء نے خواتین کو شدید نقصان پہنچایا ہے جس نے پچھلی دہائی کے دوران ہماری حاصل کردہ اہم پیشرفت کو واپس پلٹا دیا ہے۔ مجھے اس دیرینہ معاشی مسئلے سے نمٹنے کے لیے گورنر Hochul کے ساتھ کام جاری رکھنے پر فخر ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ نیو یارک ایک ایسی ریاست ہے جہاں کام کی جگہ پر اور تنخواہ کے لحاظ سے مساوات ہے۔"

NYSDOL تازہ ترین دستیاب اعداد و شمار کا استعمال افرادی قوت میں خواتین کو متاثر کرنے والے کلیدی عوامل بشمول اجرت کا فرق، نیو یارک میں بچوں کی دیکھ بھال کا بنیادی ڈھانچہ اور دیگر مسائل کا جائزہ لینے کے لیے

کرے گا۔ DOL اس رپورٹ پر ماہرین کی تصدیق اور عوامی رائے حاصل کرنے کے لیے عوامی سماعتوں کا ایک سلسلہ بھی منعقد کرے گا۔ رپورٹ میں خواتین کو بااختیار بنانے کے ساتھ ساتھ ریاست نیو یارک کی متنوع اور مضبوط معیشت کو آگے بڑھانے کے لیے تیار کردہ سفارشات کا خاکہ پیش کیا جائے گا۔ یہ ریاست نیو یارک میں صنفی اجرت کے فرق کو پہچاننے اور اسے ختم کرنے کی کوششوں کے سلسلے میں تازہ ترین کاوش ہے۔

ریاست نیو یارک کی پہلی خاتون گورنر کے طور پر، گورنر Hochul خواتین کی مساوات کے لیے ایک زبردست وکیل رہی ہیں اور یہ کام جاری رکھے ہوئے ہیں۔ عہدہ سنبھالنے کے بعد سے، گورنر نے:

- تولیدی حقوق کے تحفظ کے لیے اولین قانون سازی کی اور نیو یارک میں اسقاط حمل فراہم کرنے والوں کے تحفظ اور مدد کے لیے ایک جدت ساز $35 ملین کی فنڈنگ کا اعلان کیا۔
- ریاستی تاریخ میں بچوں کی دیکھ بھال کی سب سے بڑی سرمایہ کاری کا اعلان کیا۔
- ہراس زدگی اور جنسی تشدد کا شکار ہونے والوں کو بااختیار بنانے کے لیے تاریخی بلوں پر دستخط کیے۔

ریاست نیو یارک نے حالیہ برسوں میں تنخواہ کے حوالے سے مساوات کو آگے بڑھانے کے لیے بہت پیش رفت کی ہے، جس میں سابقہ تنخواہ کی معلومات پر پابندی کا نفاذ شامل ہے، جس کے تحت — سرکاری اور نجی — تمام آجروں کو ممکنہ یا موجودہ ملازمین سے ان کی سابقہ تنخواہ اور معاوضے کے بارے میں پوچھنے سے ممانعت ہے۔ NYSDOL کے پاس ملازمت کے تمام متلاشیوں کی مدد کرنے کے لیے مفت وسائل بھی ہیں، بشمول ایک تنخواہ کی گفت و شنید کی رہنما تاکہ نیو یارک کے باشندوں کو اپنی کمانے کی طاقت سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے میں مدد ملے۔

خواتین کے یوم مساوات کے موقعے پر درج ذیل ریاستی املاک پر چراغاں کیا جائے گا:

- ون ورلڈ ٹریڈ سینٹر
- گورنر ماریو ایم کیومو برج
- کوزی اوشکو برج
- دی ایچ کارل مک کال SUNY بلڈنگ
- سٹیٹ ایجوکیشن بلڈنگ
- الفریڈ ای سمتھ سٹیٹ آفس بلڈنگ
- ایمپائر سٹیٹ پلازہ
- سٹیٹ فیرگراؤنڈز - مین گیٹ اور ایکسپو سینٹر
- نیاگرا فالز
- "فرینکلن ڈی روزویلٹ" مڈ-ہڈسن برج
- گرینڈ سینٹرل ٹرمینل - پرشنگ سکوائر وایاڈکٹ
- البانی انٹرنیشنل ایئرپورٹ گیٹ وے
- MTA لانگ آئی لینڈ ریل روڈ - پین اسٹیشن پر ایسٹ اینڈ گیٹ وے
- ایری کینال پر فیئرپورٹ لفٹ پل

رکن اسمبلی Kimberly Jean-Pierre نے کہا، "ریاست نیو یارک کی پہلی خاتون گورنر بننے کے بعد سے، Kathy Hochul ریاست بھر میں خواتین کے مسائل کی زبردست حامی رہی ہیں۔ خواتین کے اس یوم مساوات کے موقعے پر، ہم کام کی جگہ پر خواتین پر COVID-19 کے براہ راست اثرات اور صنفی تنخواہ کے فرق پر عالمگیر وباء کے اثرات کا مطالعہ کرنے کے لیے ایک تاریخی قدم آگے بڑھا رہے ہیں۔ قانون ساز خواتین کے کاکس کی چیئر کے طور پر، میں نیو یارک بھر میں خواتین کی سربلندی کو جاری رکھنے کے لیے گورنر Hochul کی کوششوں کو دلی طور پر سراہتی ہوں اور ان کی تعریف کرتی ہوں اور ساتھ مل کر کام جاری رکھنے کی امید رکھتی ہوں۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418